58th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد



## اکشے شرما نے ٹائٹل جیت لیا

چنڈی گڑھ کے اکشے شرما نے ہریانہ کے ضلع نوح میں واقع کلاسک گولف اینڈ کنٹری کلب میں کھیلے گئے ایک کروڑ روپے انعامی رقم والی ڈی پی ورلڈ پلیئرز چیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا ہے۔ یہ ان کا تیسرا ڈی پی ورلڈ پی جی ٹی آئی ٹائٹل ہے۔ ۳۵ سالہ اکشے شرما نے آخری راؤنڈ میں بغیر کسی بوگی کے ۸ انڈر ۶۴ کا شاندار کارڈ اسکور کیا، جس سے ان کا مجموعی اسکور ۱۹ انڈر ۲۶۹ رہا۔ (تفصیلات اندر)



## پریستیانی پر پابندی عائد

بینفیکا کے ونگر جیانلوکا پریستیانی پر یوئیفا نے ریال میڈرڈ کے خلاف چیمپئنز لیگ ناک آؤٹ پلے آف میچ کے دوران نازیبا رویہ اختیار کرنے پر چھ میچوں کی پابندی عائد کر دی ہے۔ فروری میں لزبن کے اسٹیڈیو دا لوز میں کھیلے گئے اس میچ کو اس وقت تقریباً ۱۰ منٹ کے لیے روکنا پڑا جب ریال میڈرڈ کے ونیسیئس جونیئر نے پریستیانی پر نسلی بدسلوکی کا الزام لگایا تھا۔ (تفصیلات اندر)

جلد نمبر 58 | Saturday 25th April 2026 | ۲۵ اپریل ۲۰۲۶ بروز سنیچروار بمطابق ۷ ذوالقعدۃ ۱۴۴۷ | صفحات: 08 | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 113 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net

## حیدر پورہ کے ایک ہوٹل میں لفٹ گر جانے سے 6 سیاح گھائل


### زخمیوں کو فوری طور پر بون اینڈ جوائنٹ اسپتال برزلہ منتقل کیا گیا

سرینگر/ یو پی آئی/ سرینگر کے علاقے حیدر پورہ میں واقع ایک نجی ہوٹل میں اُس وقت خوف و ہراس پھیل گیا جب جمعہ کو ایک لفٹ اچانک گر گئی، جس کے نتیجے میں بنگلورو سے تعلق رکھنے والے چھ سیاح زخمی ہو گئے۔ یہ واقعہ ایرن لکشری ہوٹل میں پیش آیا، جہاں یہ سیاح قیام پذیر تھے۔ زخمیوں کو فوری طور پر بون اینڈ جوائنٹ اسپتال برزلہ منتقل کیا گیا، جہاں انہیں ٹانگوں اور جسم کے نچلے حصے میں چوٹوں کے باعث علاج فراہم کیا جا رہا ہے۔ طبی ذرائع کے مطابق تمام زخمیوں کی حالت مستحکم ہے۔ زخمیوں کی شناخت ونکٹیش (65)، ڈی مینگولا (54)، کوشلا (18)، پنکجا (16)، وینکٹا لکشمی اماں (60) اور سوبھا گیا (60) کے طور پر ہوئی ہے، جو سبھی بنگلورو کے رہائشی ہیں۔ ابتدائی طور پر لفٹ گرنے کی وجوہات سامنے نہیں آسکی ہیں اور ہوٹل انتظامیہ کی جانب سے بھی تاحال کوئی باضابطہ بیان جاری نہیں کیا گیا ہے۔ اس واقعے نے وادی/ 1




## وزیر اعظم نے دفعہ 370 کو ہٹا کر ایک تاریخی قدم اُٹھایا ہے/ شاہ

### برسوں تک مختلف غیر بی جے پی حکومتوں نے آرٹیکل 370 کو برقرار رکھا



سرینگر/ یو پی آئی/ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا ہے کہ نریندر مودی کی قیادت میں آرٹیکل 370 کی منسوخی نے جموں و کشمیر میں دہائیوں سے جاری غیر یقینی صورتحال کا خاتمہ کر دیا اور خطے کو مکمل طور پر ملک کے ساتھ ضم کر دیا۔ مغربی بنگال کے ضلع ہوگلی کے بالاگڑھ میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے امیت شاہ نے کہا کہ گزشتہ 75 برسوں تک مختلف غیر بی جے پی حکومتوں نے آرٹیکل 370 کو برقرار رکھا، جس کی وجہ سے جموں و کشمیر مکمل انضمام سے محروم رہا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے یہ تاریخی قدم اٹھا کر ریاست کو ملک کے دیگر حصوں کے برابر آئینی ڈھانچے میں شامل کیا۔ امیت شاہ نے اپنے/ 2

## منشیات کے خلاف اِجتماعی قوت اُبھر گئی ہے/ لیفٹیننٹ گورنر

### ماؤں اور بہنوں کے تعاون سے معاشرے کے اس ناسور کا خاتمہ ممکن ہوگا

### سمگلروں کی جائیدادیں منہدم کی گئیں جبکہ 48 منشیات فروشوں کے خلاف مالی تحقیقات شروع

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ریاسی میں 'نشہ مکت جموں و کشمیر مہم' کا آغاز کیا اور کمیونٹیوں، اداروں اور اَفراد سے اپیل کی کہ وہ منشیات کے اِستعمال کے خلاف جنگ میں متحد ہوں۔ اُنہوں نے خبردار کیا کہ یہ بدعت اندر سے معاشرے کی بنیادوں کو کھوکھلا کر رہی ہے۔ اُنہوں نے ایک وسیع عوامی تحریک کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 12 دنوں سے پورے خطے میں منشیات کے خلاف ایک مضبوط اِجتماعی قوت سامنے آئی ہے اور لوگ اس عزم کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں کہ اس سرزمین کو منشیات سے پاک بنایا جائے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے مہم کی گزشتہ 12 دنوں کی کامیابیوں کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ جموں میں 11 اپریل سے 22 اپریل کے درمیان بڑی تعداد میں مقدمات درج ہوئے اور متعدد منشیات فروش گرفتار کئے گئے۔ اُنہوں نے کہا کہ تقریباً 3 کروڑ روپے مالیت کی منشیات ضبط کی گئیں اور ایک کروڑ روپے کی منقولہ و غیر منقولہ جائیدادیں قرق کی گئیں۔



اُنہوں نے کہا، ”منشیات سمگلروں کی جائیدادیں منہدم کی گئی ہیں، 187 ڈرائیونگ لائسنس اور 4 گاڑیوں کی رجسٹریشن بھی منسوخ کر دی گئی ہیں، 48 منشیات فروشوں کے خلاف مالی تحقیقات شروع کی گئی ہیں، میڈیکل اور کیمسٹ دکانوں کا معائنہ/ 3

## بنگال میں ترنمول کانگریس نے جمہوریت کے مندر کو کچل دیا تھا/ مودی

### 4 مئی کو بی جے پی کی حکومت بننے کے بعد ہر ناانصافی اور ہر ظلم کی فائل کھولی جائے گی

دم دم/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے جمعہ کو مغربی بنگال کی حکمراں جماعت ترنمول کانگریس پر شدید حملہ کرتے ہوئے کہا کہ ترنمول کا دیا بجھنے والا ہے اور بجھتا ہوا دیا پھڑ پھڑاتا ہے، اسی لیے ترنمول کے رہنما بوکھلاہٹ کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 4 مئی کو بی جے پی کی حکومت بننے کے بعد ہر ناانصافی اور ہر ظلم کی فائل کھولی جائے گی یہ مودی کی گارنٹی ہے۔ پی ایم مودی نے یہاں بھارتیہ جنتا پارٹی کی وجئے سنکلپ سبھا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کافی عرصے سے بنگال میں جو تبدیلی کی لہر نظر آ رہی تھی، پہلے مرحلے کی ووٹنگ نے اس پر مہر ثبت کر دی ہے۔ بی جے پی کے حق میں جو حمایت سامنے آئی ہے، اس نے پارٹی کی جیت کا بگل بجا دیا ہے۔ جس بنگال میں ترنمول کانگریس نے جمہوریت کے مندر کو کچل دیا تھا اور اپنی آمریت سے اسے مجروح کر دیا تھا، اسی بنگال میں عوام نے پہلے مرحلے میں جمہوریت کے مندر کی دوبارہ تعمیر کر دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب دوسرے مرحلے میں آپ کو اس جمہوریت کے مندر پر فتح کا پرچم لہرانا ہے، اسی وجہ سے ترنمول بری طرح گھبرا گئی ہے اور اپنے کارکنوں کو میدان میں آنے کے لیے اکسا رہی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا، میں بنگال کے عوام اور بی جے پی کے تمام کارکنوں سے کہوں گا کہ یہ انقلاب کی سرزمین ہے، یہ بہادروں کی سرزمین ہے۔ یہ نہ بھولیں کہ بجھنے والا دیا تھوڑی دیر پھڑ پھڑاتا ہے اسی طرح ترنمول کا دیا بھی بجھنے سے پہلے پھڑ پھڑا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 4 مئی کو نتائج آنے کے بعد ترنمول کے غنڈوں کو بنگال میں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی اور انہیں کوئی بچانے والا نہیں ہوگا۔ پہلے مرحلے کی ووٹنگ نے ترنمول کے مبینہ جنگل راج کے خاتمے کا اعلان کر دیا ہے۔ وزیر اعظم نے ترنمول کانگریس پر حملہ کرتے ہوئے جلسے میں موجود لوگوں سے آزادی کے نعرے لگوائے اور کہا کہ بنگال کا وقار دوبارہ بحال کرنے اور اسے ایک بار پھر مواقع کی سرزمین بنانے کے لیے یہ آزادی نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزادی ترنمول کے خوف سے، آزادی/ 4



## گاڑیوں کو ٹول پلازہ پر رکے بغیر ادائیگی کی سہولت کا سسٹم عنقریب

### خلاف ورزی کرنے والوں کو ای نوٹس جاری کیے جائیں گے

سرینگر/ یو پی آئی/ مرکزی وزیر برائے سڑک نقل و حمل و شاہراہیں نتن گڈکرے نے اعلان کیا ہے کہ ملک بھر کی متعدد قومی شاہراہوں پر دسمبر تک جدید بیریئر فری ٹولنگ سسٹم نافذ کیا جائے گا، جس کے ذریعے گاڑیوں کو ٹول پلازہ پر رکے بغیر ادائیگی کی سہولت حاصل ہوگی۔ نئی دہلی میں منعقدہ لاجسٹکس شکتی سمٹ اینڈ ایوارڈز 2026 سے خطاب کرتے ہوئے گڈکری نے کہا کہ ہندوستان کو عالمی طاقت بننے کے لیے انفراسٹرکچر کو مزید مضبوط بنانا ہوگا اور لاجسٹکس لاگت کو کم کرنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ ملک میں جدید ٹیکنالوجی پر مبنی ٹولنگ نظام متعارف کرایا جائے تاکہ سفر کو تیز، محفوظ اور مؤثر بنایا جا سکے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ نئے نظام کے تحت آٹومیٹک نمبر پلیٹ ریکگنیشن کیمروں،/ 5

## سمگلروں کا پتہ لگانے اور چھپائی گئی منشیات کی تلاش کیلئے

### تربیت یافتہ سونگھنے والے کتے اہم چیک پوائنٹس پر تعینات کیے گئے

سرینگر/ کے این ایس/ سرینگر پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی کارروائیوں کو مزید مؤثر بناتے ہوئے ضلع بھر کے مختلف مقامات پر ایک خصوصی نارکوٹکس ڈاگ اسکواڈ تعینات کر دیا ہے۔ یہ اقدام ایک مسلسل کریک ڈاؤن کا حصہ ہے جس کا مقصد منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل ہے۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق یہ قدم ایک قومی انسداد منشیات مہم کے تحت جاری مستقل کارروائیوں کا حصہ ہے، جس میں تربیت یافتہ سونگھنے والے کتے اہم چیک پوائنٹس پر تعینات کیے گئے ہیں تاکہ چھپائی گئی منشیات کا سراغ لگایا جا سکے اور مشتبہ منشیات فروشوں کی نشاندہی میں مدد مل سکے۔ حکام کے مطابق کینائن یونٹس کو موقع پر فوری نشاندہی اور زمینی سطح پر نگرانی کو مزید مضبوط بنانے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ اس تعیناتی کا مقصد منشیات کی سپلائی/ 7

## عوام کے ووٹ کا ”بدلہ“ لینے کیلئے ریاستی درجہ روکا جا رہا ہے/ عمر عبداللہ

### بی جے پی کے قائد حزب اختلاف سنیل شرما کے ریمارکس پر ردعمل



سرینگر/ یو پی آئی/ جموں و کشمیر میں ریاستی درجہ کی بحالی کے مسئلے پر سیاسی تناؤ مزید بڑھ گیا ہے، جہاں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھارتیہ جنتا پارٹی پر الزام عائد کیا ہے کہ عوام کے ووٹ کا ”بدلہ“ لینے کے لیے ریاستی درجہ روکا جا رہا ہے۔ یہ لفظی جنگ اُس وقت بھڑکی جب قائدِ حزبِ اختلاف سنیل شرما نے حکومت کی کارکردگی کو ناکام قرار دیتے ہوئے بدعنوانی، ناقص حکمرانی اور غلط ترجیحات کے سنگین الزامات عائد کیے۔ سنیل شرما کا کہنا تھا کہ ریاستی درجہ کی بحالی کو کسی ایک سیاسی لیڈر یا خاندان سے جوڑنا مناسب نہیں۔ انہوں نے کہا، ”ریاستی درجہ اپنی مقررہ وقت پر آئے گا، یہ کسی شخصیت کے وزیر اعلیٰ بننے پر منحصر نہیں۔“ اس کے جواب میں عمر عبداللہ نے کہا کہ بی جے پی کے بیانات حقیقت میں اس کا اعتراف ہیں کہ جموں و کشمیر کے عوام کو اس لیے سزا دی جا رہی ہے کیونکہ انہوں نے جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس کے حق میں ووٹ دیا۔ ان کے مطابق، نوشہرہ میں/ 10

## امریکہ و چین میں دفاعی سائنسدانوں کی پراسرار اموات اور گمشدگیاں

### حساس شعبوں سے وابستگی اور اموات کے انداز نے عالمی سطح پر شکوک کو بڑھا دیا ہے

واشنگٹن، بیجنگ/ یو این آئی/ امریکہ اور چین میں اعلیٰ دفاعی سائنسدانوں کی پُراسرار اموات اور گمشدگیوں نے عالمی سطح پر تشویش پیدا کر دی ہے، یہ سائنسدان جوہری ٹیکنالوجی، خلائی تحقیق، مصنوعی ذہانت اور جدید ہتھیاروں جیسے حساس شعبوں سے وابستہ تھے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکہ کے دارالحکومت واشنگٹن میں کم از کم 11 ایسے واقعات زیرِ تفتیش ہیں جن میں سائنسدان یا تو لاپتہ ہو گئے یا مشکوک حالات کا شکار ہوئے۔ اس معاملے نے سیاسی حلقوں میں بھی ہلچل مچا دی ہے، ایک رکنِ کانگریس نے اسے ممکنہ غیر ملکی کارروائی قرار دیا ہے جبکہ صدر ٹرمپ نے اسے سنجیدہ معاملہ قرار دیتے ہوئے/ 6

## NIA کی حراست میں بڈگام کے ملزم کی زمین کو ضبط کر لیا گیا

### دہشت گردی کی مالی سپورٹ کے خلاف NIA کی جاری مہم کا حصہ/ ذرائع

سرینگر/ یو پی آئی/ قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) نے جمعہ کے روز جموں و کشمیر کے ضلع بڈگام میں ایک اہم کارروائی کرتے ہوئے ایک دہشت گردی کے ملزم کی ملکیت والی اراضی ضبط کر لی۔ حکام کے مطابق یہ اقدام یو اے پی اے اور دیگر سخت قوانین کے تحت جاری تحقیقات کا حصہ ہے۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ این آئی اے نے بڈگام کے ایس کے باغ علاقے میں واقع وہ اراضی ضبط کی جو تفضّل حسین پریمو ولد غلام محمد پریمو، ساکن شیخ الاہم کالونی نوگام کی ملکیت بتائی جاتی ہے۔ ملزم اس وقت این آئی اے کی حراست میں ہے اور اس کے خلاف غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام ایکٹ، آرمز ایکٹ اور ایکسپلوسیو سبسٹینسز ایکٹ/ 8

## منشیات کے خاتمہ کیلئے صرف حکومتی کارروائی کافی نہیں/ ڈاکٹر فاروق

### والدین اور عوام کو اس بدعت کے خلاف اپنا کردار نبھانا ہوگا



سرینگر/ سی این آئی/ منشیات کی لت پر قابو پانے کیلئے اجتماعی سماجی کوششوں کی ضرورت ہے کی بات کرتے ہوئے نیشنل کانفرنس کے صدر فاروق عبداللہ نے اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ حکومت اکیلے بڑھتی ہوئی لعنت کو ختم نہیں کر سکتی۔ سرینگر میں میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے نیشنل کانفرنس کے صدر فاروق عبداللہ نے کہا کہ منشیات کی لت نے ہمارے معاشرے پر گہرا اثر ڈالا ہے۔ اسے اس وقت تک ختم نہیں کیا جا سکتا جب تک کہ والدین اور عوام ان کوششوں کی فعال حمایت نہ کریں۔ صرف حکومتی کارروائی کافی نہیں ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بحران سے نمٹنے میں عوامی شرکت سب سے اہم عنصر ہے، یہ بتاتے ہوئے کہ خاندانوں اور برادریوں کی مشترکہ کوششوں سے ہی منشیات کے استعمال/ 11

## نوجوان دریا جہلم میں کود گیا

### رسپانس فورس نے چھلانگ لگا کر بچا لیا

سرینگر/ ایک 27 سالہ شخص کو ریاستی ڈیزاسٹر رسپانس فورس (ایس ڈی آر ایف) کے اہلکاروں نے جمعہ کو سری نگر کے بڈشاہ پل سے دریائے جہلم میں چھلانگ لگانے کے بعد ڈوبنے سے بچا لیا۔ ایک اہلکار نے نیوز ایجنسی کشمیر نیوز آبزرور (کے این او) کو بتایا کہ بڈشاہ پل پر تعینات ایس ڈی آر ایف کی ٹیموں نے ایک شخص کو دریا میں چھلانگ لگاتے ہوئے دیکھا اور فوری طور پر ریسکیو آپریشن شروع کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایس ڈی آر ایف کی ٹیم بدھ کے روز جہلم میں چھلانگ لگانے والے ایک شخص کی لاش کا پتہ لگانے کے لیے بڈشاہ پل کے قریب پانی کی جانچ کر رہی تھی۔ بازیاب ہونے والے شخص کو بعد میں مزید قانونی کارروائی کے لیے پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں یہ دوسرا واقعہ ہے۔ بدھ کی دیر شام ایک شخص نے دریا میں چھلانگ لگا دی جبکہ اس کی لاش کا سراغ لگانے کے لیے تلاش جاری ہے۔

## منظور شدہ اسپتالوں میں مستحقین کو بغیر کسی نقد ادائیگی علاج کی سہولت میسر/ مرکزی وزیر

### بڈگام میں ریاستی بیمہ کارپوریشن کے 30 بستروں پر مشتمل اسپتال کا افتتاح کیا

سرینگر/ یو پی آئی/ مرکزی وزیر محنت و روزگار اور نوجوان امور کے نگران منسکھ مانڈویہ نے کہا ہے کہ جو ملک اپنے محنت کشوں کے احترام اور ان کی عزتِ نفس کو مقدم رکھتا ہے، وہ ترقی کی راہ میں ناقابلِ شکست بن جاتا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ مزدور طبقے کی فلاح و بہبود کو حکمرانی کی بنیاد بنانا ضروری ہے۔ وزیر موصوف نے بڈگام کے اوم پورہ علاقے میں ملازمین ریاستی بیمہ کارپوریشن کے 30 بستروں پر مشتمل اسپتال کا باقاعدہ افتتاح کیا، جو وادی کشمیر میں اس نوعیت کا پہلا طبی ادارہ ہے۔ تقریب سے خطاب میں انہوں نے بتایا کہ ملک میں سماجی تحفظ کے دائرے میں گزشتہ برسوں کے دوران بے حد اضافہ ہوا ہے۔ ان کے مطابق محنت کشوں کو فراہم کی جانے والی سماجی سہولیات کا تناسب 2015 میں 19 فیصد تھا جو بڑھ کر 2025 میں 64 فیصد سے زیادہ ہو گیا، اور بین الاقوامی اداروں نے بھی اس پیش رفت کو تسلیم کیا ہے۔ انہوں نے نئے مزدور قوانین کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان اصلاحات کے نتیجے میں محنت کشوں کو لازمی تقرری نامہ، کم از کم اجرت اور سالانہ طبی جانچ جیسے حقوق حاصل ہوئے ہیں، جو طویل عرصے سے ان کا مطالبہ تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ ریاستی بیمہ کے تحت سالانہ طبی معائنہ بیماریوں کی بروقت تشخیص اور محنت کشوں کیلئے بہتر طبی تحفظ کا ذریعہ بنے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریاستی بیمہ اسکیم کو قومی سطح کی صحت سہولت کے ساتھ جوڑنے کے بعد ملک بھر کے/ 9



## سوپور میں پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت چھ افراد کے خلاف کارروائی

### امن و امان میں خلل ڈالنے اور توڑ پھوڑ میں ملوث ہونے کا الزام

سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے سوپور سب ضلع میں حالیہ طلبہ احتجاج کے دوران مبینہ طور پر امن و امان میں خلل ڈالنے اور توڑ پھوڑ میں ملوث ہونے کے الزام میں پولیس نے جمعہ کو چھ افراد کے خلاف سخت پبلک سیفٹی ایکٹ (پی ایس اے) کے تحت مقدمہ درج کیا۔ پی ایس اے کے تحت بعض معاملات میں بغیر باضابطہ الزام یا مقدمہ کے دو سال تک حراست میں رکھا جا سکتا ہے۔ پولیس کے مطابق جن افراد کے خلاف پی ایس اے کے تحت کارروائی کی گئی ان میں سیلو کے عمر اکبر حاجم، شالپورہ کے سلمان احمد شالا، پنزی پورہ ترزو کے الطاف احمد شیخ، نصیر آباد کے مبشر احمد گلکار، آرام پورہ کے مزمل مشتاق چنگا اور چنکی پورہ کے مجید فردوس ڈار شامل ہیں۔ ان تمام افراد کو جموں خطے کی ضلع جیل بھدرواہ میں رکھا گیا ہے۔ ان افراد کو بارہمولہ کے ضلع مجسٹریٹ سے باضابطہ حراستی وارنٹ حاصل کرنے کے بعد پی ایس اے کے تحت گرفتار کیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ یہ افراد حالیہ طلبہ احتجاج کے دوران بدامنی پھیلانے، توڑ پھوڑ کرنے اور امن خراب کرنے کی کوششوں میں سرگرم تھے۔ پولیس کے مطابق "ان کی سرگرمیاں عوامی نظم و نسق اور/ 12

